پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ: www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ای میل: helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، ممبئی 400001
فون: 91 22 2266 0502 فیکس: 91 22 22660358

22 مارچ 2019

دی ترپتری کوآپریٹو ٹاؤن بینک لمیٹیڈ، ترپتری، آندھرا پردیش۔ جرمانہ عائد

ریزروبینک آف انڈیا نے ''دی ترپتری کوآپریٹو ٹاؤن بینک لمیٹیڈ، ترپتری، آندھرا پردیش پر دولاکھ روپیہ (Rs.2,00,000) کا مالیاتی جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 47A(I)(C) جس کو سیکشن 46(4) کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر لاگو ہے) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے عائد کیا ہے۔ ریزروبینک نے اس بینک پر یہ جرمانہ بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 6(I)(G) اور سیکشن 6(I)(K) جن کو سیکشن 56 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے، کی شرائط کی خلاف ورزیاں کرنے کی وجہ سے عائد کیا ہے۔

ریزروبینک نے اس بینک کو ایک وجہ بتاؤ نوٹس جاری کیا تھا اس کے جواب میں اس بینک نے ایک تحریری جواب نامہ داخل کیا اور ذاتی سماعت میں شریک ہوکر اپنی بات رکھی۔ ریزروبینک معاملہ کی نوعیت اور حقیقت پر وبینک کے جواب اور ذاتی سماعت پر غور کرنے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچا کہ خلاف ورزیاں تو کی گئی ہیں اور اس بینک پر جرمانہ عائد کردیا۔

اجیت پرساد

اسسٹنٹ ایڈوائزر

پریس ریلیز: 2018-2019/2263